**AQF / Shabbir**

**03-04-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1. لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔
2. بجلی کے وزیر RK سنگھ نے آئندہ گرمی کے سیزن میں بجلی کی مانگ کو پورا کرنے کو یقینی بنانے کے لیے کئی میٹنگ منعقد کی ہیں۔
3. امریکہ کے صدر جوبائیڈن اور برطانیہ کے وزیراعظم Rishi Sonak نے غزہ میں اسرائیلی حملے میں انسانی ہمدردی سے متعلق سات امدادی ورکروں کی ہلاکت کی مذمت کی ہے۔
4. تائیوان میں ایک طاقتور زلزلہ آیا ہے۔ جاپان نے سونامی کا الرٹ جاری کیا ہے۔
5. اور IPL کرکٹ میں لکھنؤ سپر جائنٹس نے بینگلورو میں رایل چیلنجرس بینگلورو کو 28 رن سے شکست دی۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**CAMPAIGNING**

جیسے جیسے پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کا وقت قریب آرہا ہے، انتخابی مہم میں تیزی آتی جا رہی ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے سینئر لیڈر، اُن مختلف ریاستوں میں سرگرمی کے ساتھ مہم انجام دے رہے ہیں، جن میں یہ پہلے مرحلے کے انتخابات ہونا ہے۔ وزیراعظم اور BJP کے سینئر لیڈر نریندر مودی نے کل راجستھان اور اتراکھنڈ میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ اپنے خطاب کے دوران جناب مودی نے کہا کہ یہ عام انتخابات نہیں ہیں بلکہ ترقی یافتہ بھارت کے انتخابات ہیں۔ دوسری جانب کانگریس کے ریاستی صدر گووند سنگھ Dotasara، سابق وزیراعلیٰ اشوک گہلوت اور سینئر پارٹی لیڈروں نے Paali اور جودھپور میں پارٹی امیدواروں کی نامزدگی سے متعلق ریلیوں سے خطاب کیا۔ سینئر BJP لیڈر امت شاہ نے کل Channapatna میں ایک روڈ شو کیا۔ جو کرناٹک میں بینگلور دیہات لوک سبھا حلقے کا حصہ ہے۔ کرناٹک کے وزیراعلیٰ سدّا رمیا نے بھی کل میسورو میں میڈیا کے افراد سے خطاب کیا تھا۔

**MP-ELECTION CAMPAIGNIN**

مدھیہ پردیش میں دوسرے مرحلے میں لوک سبھا کی سات سیٹوں کیلئے 21 امیدواروں کی جانب سے کُل 27 نامزدگی پرچے داخل کئے گئے۔ ان سیٹوں پر چناؤ 26 اپریل کو ہوں گے۔ ساتھ ہی ساتھ پہلے مرحلے کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ رائے دہندگان کو بیدار کرنے کی سرگرمیاں پورے عروج پر ہیں۔

پیش ہے رپورٹ۔ **V-C Sanjeev Sharma**

*مدھیہ پردیش میں مشہور شخصیات کے پہنچنے کے بعد انتخابی مہم زور پکڑتی جارہی ہے۔ بھارتی جنتاپارٹی کے قومی صدر جے پی نڈا نے کُل جبل پور اور شاہ ڈول میں کئی انتخابی میٹنگوں سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیرِاعظم نریندر مودی کی قیادت میں گزشتہ 10 سال اچھی حکمرانی اور ترقی کیلئے وقف کئے گئے ہیں۔ مرکزی وزیر اور سینئر BJP لیڈر اسمرتی ایرانی آج کھجوراہو میں انتخابی مہم میں شرکت کریں گی، جبکہ وزیرِ دفاع راج ناتھ 6 اپریل کو سِکَروِلی اور سِدّھی میں چناؤ مہم میں حصہ لیں گے۔ دوسری جانب سابق وزیرِاعلیٰ اور کانگریس کے سینئر لیڈر کمل ناتھ نے کُل چھندواڑہ پارلیمانی حلقے کے Pandhurna میں ایک عوامی جلسے سے خطاب کیا۔ ریاستی کانگریس کے صدر جیتو پٹواری نے Damoh میں انتخابی مہم کا چارج سنبھال لیا ہے اور شِوپوری میں سینئر لیڈر جے وردھن سنگھ نے انتخابی مہم کا چارج سنبھالا ہے۔*

*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

**KERALA NOMINATIONS**

کانگریس لیڈر اور Wayanad پارلیمانی حلقے سے موجودہ ممبر پارلیمنٹ راہل گاندھی آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کریں گے۔ وہ Kalpetta میں ایک بس اسٹینڈ احاطے سے ایک روڈ شو کی قیادت کریں گے۔ پارٹی جنرل سکریٹریز پرینکا گاندھی، کے سی وینوگوپال اور دیگر پارٹی لیڈر ان کے ہمراہ ہوں گے۔ LDF امیدوار CPI کی Annie Raja بھی آج اپنے کاغذاتِ نامزدگی داخل کریں گی۔ NDA امیدوار اور BJP کے ریاستی صدر K Surendran ، جو حلقے سے چناؤ لڑ رہے ہیں، کُل نامزدگی کے اپنے پرچے داخل کریں گے۔

اِس حلقے میں سہ رخی مقابلہ دیکھنے میں آئے گا جس میں UDF، LDF اور NDA امیدوار شامل ہیں۔ کیرالہ اُن 12 ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں میں شامل ہے جہاں دوسرے مرحلے کے تحت انتخابات ہونے ہیں، جو اس مہینے کی 26 تاریخ کو منعقد کیے جائیں گے۔ کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی کل آخری تاریخ ہے۔ کاغذات کی جانچ پڑتال 5 تاریخ کو کی جائے گی، جبکہ اس مہینے کی 8 تاریخ تک نامزدگی کے کاغذات واپس لیے جا سکتے ہیں۔x

## UTTARAKAHND-HARIDWAR

آنے والے عام انتخابات کے تناظر میں ہم اتراکھنڈ کے بارے میں خصوصی رپورٹ پیش کر رہے ہیں۔

پہلے مرحلے کے تحت اتراکھنڈ کی پانچ لوک سبھا سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے، جہاں 83 لاکھ 37 ہزار 914 رائے دہندگان 55 امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ ہری دوار لوک سبھا سیٹ سبھی کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے۔ یہاں انتخابی میدان تیار ہے، جہاں امیدوار اپنے لئے حمایت اور اعتماد حاصل کرنے کیلئے رائے دہندگان کو راغب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

مزید تفصیلات ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Snajeev Sunderyal

ہری دوار پارلیمانی حلقے میں اس مرتبہ زبردست انتخابی مقابلہ دیکھنے کو ملے گا، جہاں 14 امیدوار انتخابی میدان میں ہوں گے۔ یہاں اہم امیدواروں میں BJP کے تروینیدرسنگھ راوت، کانگریس کے ورینیدر راوت اور BSP کے جمیل احمد شامل ہیں۔ ساتھ ہی ہری دوار کے خان پورا آسمبلی حلقے کے رکن آسمبلی اُمیش کمار بھی اُن سات آزاد امیدواروں میں شامل ہیں، جنہوں نے مقابلے کو اور بھی دلچسپ بنادیا ہے۔ ہری دوار پارلیمانی حلقے سے مجموعی طور پر 21 امیدواروں نے درخواستیں داخل کی تھیں، جن میں سات درخواستوں کو نامکمل قرار دیتے ہوئے مسترد کردیا گیا۔ واضح ہو کہ ہری دوار لوک سبھا حلقے کے تحت 14 آسمبلی حلقے آتے ہیں، جہاں 20 لاکھ 35 ہزار 726 رائے دہندگان ان امیدواروں کی قسمت کا فیصلہ کریں گے۔ پولنگ کے عمل کو آسان بنانے کیلئے حکام نے پورے ہری دوار میں دو ہزار 318 پولنگ مراکز قائم کئے ہیں تاکہ ووٹنگ کے دن رائے دہندگان کو کوئی تکلیف نہ ہو۔ گزشتہ لوک سبھا انتخابات میں ہری دوار سے BJP کے رمیش پوکھریال نشنک نے کامیابی حاصل کی تھی۔ انہوں نے اپنے قریبی حریف اور کانگریس کے امیدوار امبریش کمار کو دو لاکھ 58 ہزار 729 ووٹوں سے ہرایا تھا۔

دہرا دون سے سنجیوسندریال کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

## EC MYTH VS REALITY

انتخابی کمیشن نے انتخابات 2024 میں غلط معلومات پھیلانے پر قابو پانے کے لیے مفروضہ بنام حقائق رجسٹر کا آغاز کیا ہے۔ انتخابی ادارے نے ایک ریلیز میں بتایا ہے کہ یہ پلیٹ فارم عام انتخابات کے دوران معلومات کی تصدیق، غلط معلومات پھیلنے سے روکنے، مفروضوں کی پول کھولنے اور اہم مسائل کے بارے میں معلومات سے باخبر رہنے کے لیے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

اس رجسٹر کو مستقل بنیاد پر جدید اپڈیٹڈ کیا جائے گا۔ انتخابی کمیشن کی سرکاری ویب سائٹ کے ذریعے عوام اس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔x

**JAMMU & KASHMIR CEO VISIT**

جموں و کشمیر میں اعلیٰ انتخابی افسر (CEO)، P.K.Pole نے کل آئندہ پارلیمانی انتخابات کے بندوبست کا جائزہ لینے کے لیے سرحدی ضلعے راجوری کا دورہ کیا۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ CEO نے متعلقہ افسروں کے ساتھ ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے ضلع انتخابی ٹیم کا جائزہ لیا اور ضلع میں لوک سبھا انتخابات 2024 منعقد کرانے سے متعلق تیاریوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔

مذکورہ میٹنگ میں سبھی پولنگ مراکز پر سبھی کے لیے زیادہ سے زیادہ سہولیات کو یقینی بنانے کی بھی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ CEO نے آئندہ لوک سبھا انتخابات کے لیے اپنی تیاریوں کو یقینی بناتے ہوئے پولنگ مراکز کی عملی تصدیق کو مکمل کیے جانے کو بھی اجاگر کیا۔ اس بات کی بھی توثیق کی گئی کہ آیا انتخابات کو بلارکاوٹ منعقد کرانے کے لیے الیکٹرونک ووٹنگ مشینوں (EVMs) اور VVPAT مشینوں، افرادی قوت سمیت مناسب وسائل دستیاب ہیں کہ نہیں۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**GOVT ELECTRICITY**

حکومت اس بات کو یقینی بنانے کیلئے سبھی ضروری اقدامات کر رہی ہے کہ گرمیوں کے آنے والے سیزن کے دوران بجلی کی مانگ کو پورا کیا جاسکے۔ گرمیوں کے دوران بجلی کی لگاتار فراہمی کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے بجلی اور نئی وقابل تجدید توانائی کے وزیر آر کے سنگھ نے اس سلسلے میں کئی میٹنگیں کیں۔

کل نئی دلّی میں ایک میٹنگ کے دوران وزیر موصوف نے سبھی حرارتی بجلی پلانٹ کی بجلی کی صلاحیت کی صورت حال کا جائزہ لیا، جس کا مقصد تھرمل صلاحیت سے زیادہ سے زیادہ بجلی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ وزیر موصوف نے بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کے ساتھ بھی میٹنگ کی۔ گرمیوں کے آئندہ سیزن کے دوران محکمہ موسمیات نے شمال مغربی، شمال مشرقی، وسطی اور جزیرہ نما بھارت کے دور دراز کے علاقوں کو چھوڑ کر ملک بھر میں زیادہ سے زیادہ اور کم سے کم درجہ حرارت معمول سے زیادہ رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔x

س

## NCERT BOOKS

تعلیم سے متعلق تحقیق اور تربیت کی قومی کونسل NCERT نے کہا ہے کہ وہ وقت پر اسکولی کتابوں کی فراہمی کے لیے ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں اس نے کہا ہے کہ پہلی، دوسری، ساتویں ، آٹھویں، دسویں اور بارہویں کلاسوں کی تقریباً 33 لاکھ کتابیں چھاپی گئی ہیں اور انھیں کتاب کی دوکانوں میں بھیج دیا گیا ہے۔ NCERT نے یہ بھی کہا ہے کہ تیسری اور چھٹی کلاسوں کے لیے نصاب کی نئی کتابیں اس مہینے اور مئی میں شائع کی جائیں گی۔x

## TRAI BROADCASTING POLICY

بھارت کی ٹیلی کام سے متعلق انضباطی اتھارٹی، TRAI نے قومی نشریاتی پالیسی 2024 ترتیب دینے کیلئے کل مشاورتی دستاویز جاری کیا۔ مواصلات کی وزارت نے کہا کہ نشریات کے شعبے میں کافی امکانات ہیں، جو بھارتی معیشت کی ترقی میں نمایاں کردار ادا کرسکتے ہیں۔ وزارت نے مزید کہا کہ نشریاتی پالیسی ترتیب دینے کا مقصد نظریئے، مقاصد اور لائحۂ عمل کے ذریعہ نئی اور اُبھرتی ہوئی ٹیکنالوجیوں کے دور میں نشریات کے شعبے کی منصوبہ بند ترقی اور نمو حاصل کرنا ہے۔ مشاورتی دستاویز میں نشریات کے شعبے کے موجودہ معاملات کی نشاندہی کی گئی ہے تاکہ بھارت کو عالمی Content حب بنایا جاسکے۔

وزارت نے مزید کہا کہ یہ مشاورتی دستاویز 30 اپریل تک متعلقہ فریقوں کی رائے جاننے کیلئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے پہلے اطلاعات ونشریات کی وزارت نے TRAI سے قومی نشریاتی پالیسی مرتب کرنے کیلئے معلومات فراہم کرنے کی درخواست کی تھی۔x

## US-UK-ISRAEL

امریکی صدر جوبائیڈن اور برطانیہ کے وزیراعظم رِشی Sunak نے غزہ میں اسرائیلی حملے میں انسانی ہمدردی سے متعلق سات امدادی ورکروں کی ہلاکت کی مذمت کی ہے۔ امریکی صدر نے کہا ہے کہ وہ اس حملے سے دلبرداشتہ ہوئے ہیں۔ انہوں نے اسرائیل پر الزام لگایا کہ وہ امدادی ورکروں کو تحفظ فراہم کرنے کیلئے خاطر خواہ اقدامات نہیں کر رہا ہے۔ اسرائیل نے کل کے حملے میں امریکہ، برطانیہ، کنیڈا، آسٹریلیا اور پولینڈ کے شہریوں کی ہلاکت کے بعد آزادانہ طور پر تحقیق کا وعدہ کیا ہے۔ مرنے والے امدادی ورکروں میں تین برطانوی شہری اور پولینڈ، اسٹریلیا، فلسطین اور ایک امریکی کنیڈیائی شہری شامل ہے۔ اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے کہ اسرائیل کی فوجوں نے معصوم لوگوں کو نشانہ بنایا۔ وزیر اعظم بنیامن نیتن یاہو نے آزادانہ طور پر تحقیقات کرانے کا وعدہ کیا ہے۔ اُدھر جناب بائیڈن نے اسرائیل سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس حملے کی تیزی سے تحقیقات کرائے۔ انہوں نے کہا کہ اس تحقیقات میں جواب دہی کو طے کیا جائے اور اس تحقیقات کو عام کیا جائے۔

برطانیہ کے وزیراعظم رشی Sunak نے کل اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو سے ٹیلی فون پر بات کی اور امدادی ورکروں کی ہلاکت کی مکمل اور شفاف طور پر تحقیقات کرانے کی مانگ کی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسرائیل کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد پر پابندیاں ختم کرنے کی ضرورت ہے اور وہ شہریوں کا تحفظ کرے۔ **Byte: Rishi Sunak**

آسٹریلیا کے وزیراعظم **Anthony Albanese**، کینڈا کے وزیراعظم جسٹن ٹروڈو اور پولینڈ کے وزیر خارجہ **Radoslaw Sikorsk** نے بھی امدادی ورکروں کی ہلاکت کی مذمت کی ہے۔

## TAIWAN EARTHQUAKE

تائیوان کے مشرقی ساحل پر آج ایک طاقتور زلزلہ آیا۔ ریختر پیمان پر اِس کی شدت سات اعشاریہ چار ریکارڈ کی گئی۔ زلزلے کے مرکز سے متعلق انتظامیہ کے مطابق زلزلے کا مرکز بحرالکاہل میں **Hualien County Hall** کے 25 کلومیٹر جنوب مشرق میں پندرہ اعشاریہ پانچ کلومیٹر کی گہرائی پر واقع تھا۔ زلزلے سے جنوبی جاپان میں سونامی آنے کا الرٹ بھی کردیا گیا ہے۔

اطلاعات کے مطابق آج جاپان کے وقت کے مطابق لگ بھگ صبح 9 بج کر 18 منٹ پر **Yonaguni** جزیرے میں 30 سینٹی میٹر کی ایک سونامی ریکارڈ کی گئی۔ اس کے سبب جاپان کی موسمیات سے متعلق ایجنسی نے **Miyakojima** اور **Okinawa** جزیروں کے باشندوں کو تین میٹرس اونچی لہروں کے بارے میں خبردار کردیا ہے ۔ ×

## IMD WEATHER

بھارت کے محکمہ موسمیات **IMD** نے کرناٹک، اویشہ، مغربی بنگال، جھارکھنڈ، آندھرا پردیش اور پڈوچیری میں اس مہینے کی 6 تاریخ تک شدید گرمی کے حالات کی پیشگوئی کی ہے۔ **IMD** نے تلنگانہ اور کرناٹک میں اگلے تین روز کے دوران جبکہ ساحلی کرناٹک، کیرالہ، تمل ناڈو، پڈو چیری اور ساحلی آندھرا پردیش میں اگلے پانچ روز کے دوران گرمی اور اُمس والے موسم کی بھی پیش گوئی کی ہے۔

اس دوران شمال مشرقی بھارت میں اس مہینے کی 7 تاریخ تک شدید بارش اور گرج چمک کے حالات رہیں گے۔**IMD** نے کہا ہے کہ اگلے پانچ روز کے دوران مغربی ہمالیائی خطے میں ہلکی سے اوسط بارش اور برف باری ہوگی۔ اس نے مزید کہا ہے کہ جموں و کشمیر، لداخ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں اس مہینے کی پانچ تاریخ تک گرج چمک اور بجلی کا سلسلہ جاری رہے گا۔

## IPL-RESULT

IPL کرکٹ میں، کل رات بینگلورو کے، ایم چناسوامی اسٹیڈیم میں لکھنؤ سُپر جائنٹس نے رائل چیلنجرس بینگلورو کو 28 رن سے ہرادیا۔

بینگلورو کے سامنے جیت کیلئے 182 رن کا نشانہ رکھا گیا تھا لیکن اس کے سبھی کھلاڑی 19 اوورس اور 4 گیندوں میں 153 رن بناکر آؤٹ ہوگئے۔ آج وشاکھاپٹنم میں وائی ایس راج سیکھر ریڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں دہلی کیپٹلس کا سامنا کولکاتا نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔×

## WEIGHTLIFTING IWF WORLD CUP

ویٹ لفٹنگ میں کل رات تھائی لینڈ کے Phuket میں IWF عالمی کپ میں بھارت کی بندیا رانی دیوی نے خواتین کے 59 کلوگرام زُمرے کے مقابلے میں کانسے کا تمغہ جیتا۔ دولت مشترکہ کھیلوں میں چاندی کا تمغہ جیتنے والی بندیا رانی نے اس مقابلے میں کُل 196 کلوگرام وزن اٹھا کر تیسری پوزیشن حاصل کی۔ منی پور کی 25 سالہ ویٹ لفٹر نے 113 کلوگرام وزن اٹھا کر Clean and Jerk میں بھارت کو چاندی کا تمغہ دلایا۔ اس سے پہلے ایک اور بھارتی ویٹ لفٹر میرا بائی چانو نے خواتین کے 49 کلوگرام زمرے میں 12 ویں پوزیشن حاصل کی۔×

## CHESS CANDIDATES TOURNAMENT

شطرنج میں کنیڈا کے ٹورنٹو میں کل سے عام اور خواتین زمرے کے Candidates مقابلے ہوں گے۔ افتتاحی تقریب آج شام ہوگی، جبکہ دونوں ٹورنامنٹ کل سے شروع ہوں گے۔

Candidates شطرنج مقابلے، عالمی چمپئن شپ کے علاوہ FIDE کی جانب سے منعقد کئے جانے والے سب سے بڑے مقابلے ہیں۔ ان مقابلے کے فاتح کھلاڑیوں کا مقابلہ عالمی چمپئن شپ میں ہر زمرے کے موجودہ عالمی چمپئن سے ہوگا۔ Candidates مقابلوں میں 18 سالہ پرگانندا، 17 سالہ گوکیش ڈی اور 29 سالہ وِدِت سنتوش گجراتی بھارتی دستے کا حصہ ہوں گے۔ جبکہ خواتین کے زمرے میں 22 سالہ ویشالی آر اور 36 سالہ کونیرو ہمپی بھارتی وفد کا حصہ ہوں گی۔ خواتین زمرے میں 8 کھلاڑی حصہ لے رہی ہیں۔×

## FASSAI-HEALTH DRINK

بھارت کی خوراک کے تحفظ اور معیارات سے متعلق اتھارٹی FSSAI نے سبھی ای-کامرس فوڈ بزنس آپریٹرس سے کہا ہے کہ وہ اپنی اپنی ویب سائٹ پر فروخت کی جانے والی خوراک کی مصنوعات کی مناسب زُمرہ بندی کو یقینی بنائیں۔ FSSAI

نے کہا ہے کہ ڈیری سے بنے مشروبات، موٹے اناج سے بنے مشروبات اور جو سے بننے والے مشروبات کو ای- کامرس ویب سائٹ پر توانائی بخش مشروبات کے زمرہ کے تحت فروخت کیا جا رہا ہے۔×

**CONGRESS LS SEAT**

کانگریس نے کل لوک سبھا انتخابات کے لیے 17 امیدواروں کی ایک اور فہرست جاری کی ہے۔ پارٹی نے کاکیناڈا لوک سبھا سیٹ سے، سابق مرکزی وزیر ایم ایم پلّم راجو کو، جبکہ کڈپّا سے، آندھرا پردیش کانگریس صدر وائی ایس شرمیلا ریڈی کو میدان میں اتارا ہے۔ پارٹی رہنما جے ڈی سیلم، آندھرا پردیش میں Bapatla لوک سبھا سیٹ سے چناؤ لڑیں گے۔

سابق مرکزی وزیر طارق انور، بہار میں کٹیہار لوک سبھا سیٹ سے چناؤ لڑیں گے، جبکہ امیر چند نائک، اڈیشہ میں کندھمال لوک سبھا سیٹ سے انتخابی میدان میں اتریں گے۔ پارٹی نے آندھرا پردیش اسمبلی انتخابات کے لیے اپنے 114 امیدواروں اور اڈیشہ اسمبلی انتخابات کے لیے 49 امیدواروں کی فہرست بھی جاری کی ہے۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیرالدین رضوی

شکریہ - شبانہ رحمان

راجدھانی دلّی سے آج شائع ہونے والے زیادہ تر اردو اخبارات نے مختلف خبروں کو نمایاں جگہ دی ہے۔

روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے وزیر اعظم نریندر مودی کے اس بیان کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے، جس میں انہوں نے کہا ہے کہ اُن کی تیسری مدت کے دوران بدعنوانی پر مزید سخت حملہ کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ہر بدعنوان کو جیل جانا پڑے گا اور سزا ملے گی۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے عام آدمی پارٹی کے رہنما سنجے سنگھ کو سپریم کورٹ کی جانب سے دلّی ایکسائز پالیسی سے متعلق مبینہ گھپلے میں ضمانت دیئے جانے کی خبر کو پہلے صفحہ کی شہ سرخی بنایا ہے۔ اخبار کے مطابق سنجے سنگھ 6 مہینے سے جیل میں تھے۔

روزنامہ ملاپ نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے اُس بیان کو نمایاں جگہ دی ہے، جس میں انہوں نے کہا ہے کہ متحدہ عرب امارات میں بھارت کے بارے میں تاثر بدل گیا ہے۔ وزیر خارجہ نے سورت میں منعقدہ ایک کارپوریٹ تقریب میں یہ بات کہی۔

روزنامہ پرتاپ نے وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کے حوالے لکھا ہے کہ چین سے لگی سرحد کے مسئلے کو حل کرنے کیلئے بات چیت جاری رہے گی۔ جناب سنگھ نے مزید کہا کہ بھارتی فوج پوری طرح چوکس ہے اور مستعدی سے نگرانی کر رہی ہے۔

روزنامہ انقلاب نے بہار کی تین لوک سبھا سیٹوں کیلئے امیدواروں کے ناموں کے اعلان کی خبر کو صفحہ اول پر جگہ دی ہے۔ اخبار نے لکھا ہے کہ کانگریس نے کشن گنج سے ڈاکٹر محمد جاوید، کٹیہار سے طارق انور اور بھاگلپور سے اجیت شرما کو امیدوار بنایا ہے۔×

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔
2 بجلی کے وزیر RK سنگھ نے آئندہ گرمی کے سیزن میں بجلی کی مانگ کو پورا کرنے کو یقینی بنانے کے لیے کئی میٹنگ منعقد کی ہیں۔
3 امریکہ کے صدر جوبائیڈن اور برطانیہ کے وزیراعظم Rishi Sonak نے غزہ میں اسرائیلی حملے میں انسانی ہمدردی سے متعلق سات امدادی ورکروں کی ہلاکت کی مذمت کی ہے۔
4 تائیوان میں ایک طاقتور زلزلہ آیا ہے۔ جاپان نے سونامی کا الرٹ جاری کیا ہے۔
5 اور IPL کرکٹ میں لکھنؤ سپر جائنٹس نے بینگلورو میں رایل چیلنجرس بینگلورو کو 28 رن سے شکست دی۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------